حسن اور حسین جنت کے جوانوں کے سردار ہیں"۔

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
"حسن اور حسین جنت کے جوانوں کے سردار ہیں"۔
[صحيح] [رواه الترمذي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ آپ کے دونوں نواسے یعنی علی بن ابی طالب و فاطمہ بنت رسول کے دونوں بیٹے حسن اور حسین رضی اللہ عنہما فضیلت کے اعتبار سے جوانی کی حالت میں فوت ہونے والے اور جنت میں داخل ہونے والے تمام لوگوں کے سردار ہوں گے۔ اس کا ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ دونوں نبیوں اور خلفائے راشدین کو چھوڑ کر تمام جنتی جوانوں کے سردار ہوں گے۔